49018 ـ اگر خاوند بیوی کی شرمگاہ دیکھے تو کیا وضوء ٹوٹ جاتا ہے ؟

سوال

اگر خاوند بیوی کی شرمگاہ دیکھے تو کیا وضوء ٹوٹ جائیگا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس سے وضوء نہیں ٹوٹےگا، سوال نمبر (14321) کے جواب میں وضوء توڑنے والی اشیاء کا بیان ہو چکا ہے جن میں مرد کا اپنی یا کسی دوسرے کی شرمگاہ دیکھنا شامل نہیں ہے.

مستقل فتوی کمیٹی سے درج ذیل سوال کیا گیا:

کیا ننگے مرد اور عورت کو صرف دیکھنے سے وضوء ٹوٹ جاتا ہے، اور اگر کوئی شخص اپنی شرمگاہ کو دیکھے تو کیا اس کا وضوء ٹوٹ جائیگا ؟

کمیٹی کا جواب تھا:

" باوضوء شخص کا ننگے مردوں یا عورتوں کو صرف دیکھنے سے ہی وضوء نہیں ٹوٹتا، اور نہ ہی اس کا اپنی شرمگاہ دیکھنے سے وضوء ٹوٹےگا کیونکہ اس کی کوئی دلیل نہیں ملتی " اھـ

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (5 / 270).

کمیٹی سے یہ سوال بھی کیا گیا:

اگر کسی باوضوء شخص نے اپنی شرمگاہ دیکھ لی تو کیا وہ قرآن مجید کو پکڑ سکتا ہے یا وہ نماز ادا کر سکتا ہے ؟

کمیٹی کا جواب تھا:

" جی ہاں جائز ہے، اور شرمگاہ کی طرف دیکھنا نواقض وضوء میں شامل نہیں ہوتا " اھـ

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (5 / 283).

والله اعلم .